سوال

(711) بیوی کی بھانجی سے نکاح کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے ایک عورت سے شادی کی اور اب وہ چاہتا ہے کہ عورت کی بھانجی سے بھی نکاح کرلے، اور اس کا کیا حکم ہے؟ کیا وہ ایسا کرسکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سائل کی یہ بیوی اس لڑکی کی جس سے یہ نکاح کرنا چاہتا ہے خالہ ہے۔ خالہ کے ہوتے ہوئے اس کی بھانجی سے نکاح جائز نہیں ہے۔ حدیث میں ہے:

(لَا تُنكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، وَلَا عَلَى خَالَتِهَا)

’’کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی یا خالہ پر نکاح نہیں کیا جا سکتا۔‘‘ (صحیح مسلم، کتاب النکاح، باب تحریم الجمع بین المراۃ وعمتھا، حدیث: 1408 وسنن النسائی، کتاب النکاح، باب الجمع بین المراۃ وعمتھا، حدیث: 3292 وسنن ابن ماجہ، کتاب النکاح، باب لا تنکح المراۃ علی عمتھا، حدیث: 1929۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 510

محدث فتویٰ